# سالانہ عام اجلاس کا نوٹس

بذریعہ ھذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا سالانہ اجلاس عام ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ کو دوپہر 2:30 بجے انڈس سوئیٹ، آواری ٹاور، فاطمہ جناح روڈ، کراچی، نیز بذریعہ ویڈیو لنک کی سہولت کے ساتھ، درج ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا :

**عمومی امور:**

۱۔ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۴ کو منعقدہ سالانہ عام اجلاس کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ کو ختم ہونے والے سال کے لیے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کو وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور اپنانا۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ کے مطابق اور ایس آر او ۳۸۹(I)/ ۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳، کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے جسے درج ذیل ویب لنک اور QR فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

| | |
|---|---|
| https://iblhc.com/investor-information | |

۳۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے آڈیٹرز کا تقرر کرنا، اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، ریٹائر ہو چکے ہیں اور اہل ہونے کی وجہ سے، خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کر چکے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

**خصوصی امور:**

۴۔ کمپنی کے مجاز سرمایہ کو -/1,050,000,000 روپے سے بڑھا کر -/1,500,000,000 روپے، جو -/10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 شیئرز میں منقسم ہوگا، کرنے پر غور کرنا؛ اور اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:"

طے کیا گیا ہے کہ کمپنی کا مجاز سرمایہ -/1,050,000,000 روپے، -/10 روپے فی شیئر کے 105,000,000 شیئرز، سے بڑھا کر -/1,500,000,000 روپے، -/10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 شیئرز میں کر دیا جائے، اس مقصد کے لیے 45,000,000 نئے اضافی شیئرز کمپنی کے موجودہ شیئرز کے ساتھ ہر لحاظ سے مساوی حیثیت (Pari Passu) میں رہیں گے۔

مزید طے کیا گیا ہے کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں مناسب ترمیم کی جائے، تاکہ مجاز سرمایہ میں اضافے کے مطابق ان دفعات کو مندرجہ ذیل طریقہ سے پڑھا جائے:

- میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر V: ـ" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/1,500,000,000 روپے، -/10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 عام حصص پر مشتمل ہوگا
- آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر 4:" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/1,500,000,000 روپے، -/10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 عام حصص پر مشتمل ہوگا

مزید طے کیا گیا ہے کہ کمپنی سیکریٹری کو مکمل اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس قرارداد کے نفاذ کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، تمام قانونی تقاضے پورے کریں، اور تمام متعلقہ دستاویزات جمع کرائیں، جو اس قرارداد کے مؤثر نفاذ کے لیے ضروری یا معاون ہوں۔

۵۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق، ہر 100 شیئرز کے لیے 15 شیئرز یعنی 15% کے تناسب سے بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری دینا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر بطور عام قرارداد منظور کرنا۔

طے یہ کیا گیا ہے کہ کمپنی کے غیر مختص شدہ منافع میں سے /128,512,147 - روپے کو سرمایے میں شامل کرتے ہوئے 12,851,214 عام شیئرز، ان تمام ممبران کو، جو 8 اکتوبر 2025 کے کاروبار کے اختتام پر کمپنی کی کتابوں میں بطور ممبر رجسٹرڈ ہوں، -/ 10 روپے فی شیئر کے حساب سے مکمل اداشدہ بونس شیئرز کی صورت میں جاری اور الاٹ کیے جائیں گے۔ نئے شیئرز موجودہ عام شیئرز کے ساتھ مساوی حیثیت (Passu - Pari) میں شمار ہوں گے۔"

"مزید یہ طے کیا گیا کہ اگر کسی ممبر کو حصص کا کوئی جزوی حصہ کا حقدار بنے تو ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام جزوی حصص کو یکجا کر کے اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کریں، اور فروخت سے حاصل شدہ رقم کسی مستند فلاحی ادارے کو ادا کریں جس کا انتخاب کمپنی کے ڈائریکٹرز کریں گے۔"

"مزید یہ طے کیا گیا کہ کمپنی سیکریٹری کو بونس حصص کی الاٹمنٹ اور تقسیم کے لیے کمپنی کی جانب سے تمام ضروری اقدامات کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

٦۔ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری کے لیے، مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو کسی ترمیم یا بغیر کے منظور کرنا:

"یہ طے کیا گیا کہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالیاتی گوشوارے کے نوٹ نمبر 35 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کے بیان میں ظاہر کیے گئے متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے تمام لین دین کی توثیق، منظوری اور تصدیق کرنا۔

٧۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ دوران مالی سال 30 جون 2026 میں متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو کسی ترمیم یا بغیر کے منظور کرنا:

یہ طے کیا گیا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ سالانہ اجلاس عام کے انعقاد تک، متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی کیس ٹو کیس بنیاد پر، منظوری دے سکیں۔

"مزید طے کیا گیا ہے کہ بورڈ کی طرف سے ان ٹرانزیکشنز کو شیئر ہولڈرز کے ذریعہ منظور شدہ سمجھا جائے گا اور ان کی باضابطہ توثیق/منظوری کے لیے اگلے سالانہ عام اجلاس میں شیئر ہولڈرز کے سامنے رکھا جائے گا۔"

**دیگر امور:**

٦۔ چیئر کی اجازت سے کوئی دوسرا کاروباری معاملہ انجام دینا۔

اس نوٹس کے ساتھ منسلک مادی حقائق کا بیان ہے جس میں مذکورہ بالا خصوصی کاروبار کا احاطہ کیا گیا ہے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۳۴ کے تحت ضروری ہے۔

بورڈ کے حکم سے

٦ اکتوبر ۲۰۲۵

حسین مرتضٰی
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

**I۔ شیئرٹرانسفربک کی بندش:**

حصص کی منتقلی کے کھاتے ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۵ سے ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ تک (بشمول دونوں ایام) بندرہیں گے۔ وہ مکمل ٹرانسفرز جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ کاروباری دن کے اختتام سے قبل موصول ہو نگے وہی اجلاس عام میں شرکت کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

ایس آر او 2025/(I)1665 مورخہ 29 اگست 2025 کے مطابق حصص کی منتقلی کے کھاتے 09 اکتوبر 2025 کو بند رہیں گی، تاکہ بونس کے اجراء کے استحقاق کا تعین کیا جا سکے۔ وہ تمام شیئر ٹرانسفرز جو 08 اکتوبر 2025 کے کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی-74400 میں باقاعدہ اور درست حالت میں موصول ہونگے، انہیں بونس شیئرز کے استحقاق کے تعین کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**II۔ سالانہ اجلاس عام میں ذاتی موجودگی بشمول نمائندے کے ذریعے شرکت:**

وہ اراکین جن کے نام ۲۰ اکتوبر ۲۰۲۵ تک ممبران کے رجسٹر میں موجود ہیں، وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے او ووٹ دینے کا حقدار رکن کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کرنے کا حق ہے۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔

سالانہ اجلاس عام کے لیے قابل اطلاق پراکسی کا ایک فارم ممران کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ فراہم کیا جارہا ہے۔ پراکسی فارم کو کمپنی کی ویب سائٹ: https://iblhc.com/investor-relations سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ مؤثر ہونے کے لئے پراکسی کا فارم اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی، اگر کوئی ہے، جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا ایسی پاور یا اتھارٹی کی ایک نوٹریل تصدیق شدہ کاپی، (بنام کمپنی سیکرٹری) کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 2nd فلور، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہ فیصل، کراچی-75350 کو عام تعطیلات کو چھوڑ کر سالانہ اجلاس عام کے وقت سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیے یا hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کریں۔

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے کی تبدیلی (اگر کوئی ہے) تو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، B-Block، S.M.C.H.S، شاہراہ فیصل، کراچی کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/اسٹاک بروکر/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرواسکتے ہیں۔

اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی کا تقرر کرتا ہے اور کسی ممبر کے ذریعے پراکسی کے ایک سے زیادہ فارم جمع کرائے جاتے ہیں، تو ایسے تمام پراکسی فارمز کو غلط قرار دیا جائے گا۔

**III۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت:**

i) وہ ممبران جو سالانہ عام اجلاس (AGM) میں ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت یا شمولیت کے خواہشمند ہیں، درج ذیل معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اجلاس کے وقت، 26 اکتوبر 2025 دوپہر 2:30 بجے، سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بذریعہ ای میل cdcsr@cdcsrsl.com ارسال کر کے کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ ہو جائیں۔

a) ممبر کا نام؛

b) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/نیشنل ٹیکس نمبر؛

c) فولیو نمبر/IASCDC نمبر؛

d) موبائل نمبر؛ اور

e) ای میل ایڈریس۔

ii) آن لائن میٹنگ کا لنک اور لاگ ان کی معلومات صرف ان ممبروں کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جو 26 اکتوبر 2025 کو دوپہر 2:30 بجے تک یا اس سے پہلے تمام مطلوبہ تفصیلات پر مشتمل میٹنگ میں اپنی شرکت کا عندیہ دینگے۔

iii) لاگ ان کی سہولت دوپہر 1:00 بجے سے کے اختتام تک میہار ہے گی۔

iv) حصص کے انفرادی فائدہ مند مالک کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا شناختی نمبر لانا ہوگا۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندے کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولیوشن اور/یا پاور آف اٹارنی اور نامزد کا نمونہ دستخط لانا چاہیے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں جاری کیں۔

**IV۔ خصوصی کاروباری قراردادوں پر پولنگ:**

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ضوابط") کے مطابق، جیسا کہ SRO 2192(1)/2022 مورخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے ترمیم کی گئی ہے، جس میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی")، ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بند تمام امور کیلئے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کا حق فراہم کریں۔

اس کے مطابق، کمپنی کے ممبران کو 28 اکتوبر 2025 کو دوپہر 2:30 بجے ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں ضروریات کے مطابق اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تحت الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا بذریعہ ڈاک ووٹنگ رائیٹ کی اجازت ہوگی۔

اراکین کی سہولت کے لیے، بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور ڈاؤن لوڈ کے لیے یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.iblhc.com پر بھی دستیاب ہے۔

**1۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

I. ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر، اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 20 اکتوبر 2025 کو کاروباری دن کے اختتام تک دستیاب ہونگے۔

II. ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈز کی اطلاع دی جائے گی۔

III. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

VI. ای ووٹنگ لائنیں 23 اکتوبر 2025، صبح 09:00 بجے شروع ہوں گی اور 27 اکتوبر 2025 کو شام 5:00 بجے بند بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**2۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ مناسب طریقے سے پُر کئے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر میٹنگ کے چیئرمین تک کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس 2nd فلور، ون IBL سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8D.M.C.H.S، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی یا 27 اکتوبر 2024 کو کام کے اوقات کے دوران سالانہ اجلاس عام سے ایک دن پہلے ڈاک کے ذریعے پہنچیں یا hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کریں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر دستخط سے مماثل ہونے چاہیئں۔

**V۔ فزیکل شیئرز کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کرنا:**

SECP نے اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72 کی دفعات پر، عملدرآمد کرتے ہوئے، ان کی جانب سے فزیکل فارم میں جاری کردہ شیئرز کو بک آف انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت ملے گی یعنی حصص کی محفوظ تحویل، حصص کی فوری فروخت اور خریداری کے لیے آسانی سے دستیاب مارکیٹ، کسی نقصان کے احتمال کا خاتمہ، اور فزیکل شیئرز کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**VI۔ ایڈریس کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ اسٹاک بروکر/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرواسکتے ہیں۔

**VII۔ غیرادا شدہ/غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز:**

شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ یا بونس شیئرز کا دعویٰ نہیں کر سکے یا اپنے فزیکل شیئرز نہیں حاصل نہیں کر سکے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویدار ڈیویڈنڈ یاز یر التواء حصص، اگر کوئی ہے وصول کرنے یا ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ کمپنیز ایکٹ، **2017** کے سیکشن **244** کی تعمیل میں، مقررہ طریقہ کار کو مکمل کرنے کے بعد، مقررہ تاریخ سے تین سال کی مدت کے لیے تمام ڈیویڈنڈ کا دعویٰ نہیں کیا گیا تو قابل ادائیگی وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کی جائے گی اور حصص کی اس صورت میں رقم سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو دے دی جائے گی۔

**VIII۔ جنرل میٹنگ میں شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطہ اخلاق:**

I۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کا سیکشن 215 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کا ضابطہ 55، "میٹنگز میں شیئر ہولڈرز کا طرز عمل" مندرجہ ذیل بیان کرتا ہے:

i) ایسا مواد نہیں لایا جائے گا جس سے شر کا یا احاطے کو خطرہ ہو جہاں اجلاس ہو رہا ہو۔

ii) میٹنگ کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک خود کو محدود رکھیں گے۔

iii) تبصرے اور بحث کو کمپنی کے معاملات تک محدود رکھیں گے۔ اور

iv) کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرنے یا دوسرے اراکین کی مذہبی حساسیت کو مجروح کرنے کے طریقے سے کام نہیں کریں گے۔

**تحفے کی عدم تقسیم**

مزید برآں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 اور ایس آر او 2025/(I)452 مورخہ 17 مارچ 2025 کو ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کیا گیا، یہ مطلع کیا جاتا ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل یا انداز میں کوئی تحفہ تقسیم نہیں کیا جائے گا۔

**IX۔ UBO کے انکشاف کی ضرورت**

کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ضابطے 9 اور ایس آر او 2025/(I)1356 کی تعمیل میں، کمپنی کے ہر ایسے شیئر ہولڈر جو کمپنی میں کم از کم پانچ فیصد (5%) شیئرز یا ووٹنگ رائٹس کا مالک ہو، اور کسی بھی قانونی شخص یا قانونی معاہدے کے ایسے نمائندے کو جو اس حد تک مفاد رکھتا ہو کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنا "آخری مستفید مالک (Ultimate Beneficial Owner-UBO)" کا ڈیکلریشن جمع کروائے یا پہلے سے جمع شدہ معلومات کو اپ ڈیٹ کرے۔

اس مقصد کے لیے، وہ اصل شخص جو براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کمپنی کے 25 فیصد یا اس سے زائد شیئرز یا ووٹنگ رائٹس کا مالک یا کنٹرول رکھتا ہو، UBO تصور کیا جائے گا۔

UBO ڈیکلریشن کے لیے مقررہ فارم 17 کمپنی کی ویب سائٹ https://www.iblhc.com پر دستیاب ہے، جسے مکمل کر کے یا تو hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کے ذریعے یا کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرایا جائے گا تاکہ قانونی تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، یہ فارم کمپنی کے لیٹر پر صحیح طریقے پرنٹ ہو، اور مجاز افسر سے دستخط شدہ ہو۔

UBO فارم بروقت جمع نہ کروانے یا بالکل بھی جمع نہ کروانے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 452 کے تحت ریگولیٹری کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

# کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مادی حقائق کا بیان

**1۔ نوٹس کا آئٹم نمبر 4-**

کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے ذریعے کمپنی کے مجاز سرمائے میں **450** ملین روپے کا اضافہ کرنے کی تجویز ہے۔ مجاز سرمائے میں اضافہ کمپنی کو مستقبل میں شیئر کیپٹل جاری کرنے کے قابل بنائے گا۔ ڈائریکٹرز کو کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی تبدیلی میں براہ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ کمپنی میں شیئر ہولڈرز/ ڈائریکٹر ہیں۔

2۔ **نوٹس کا آئٹم نمبر 5-بونس شیئرز کی منظوری**

کمپنی کے ڈائریکٹرز کی رائے ہے کہ کمپنی کی مالی حیثیت اس امر کی متقاضی ہے کہ بونس شیئرز ہر سو(100) حصص پر بیس(20) حصص کے تناسب سے جاری کیے جائیں۔ڈائریکٹرز اس کاروبار میں بطور حصص یافتگان صرف اسی حد تک مفاد رکھتے ہیں،جس حد تک انہیں بونس شیئرز کا حق حاصل ہے۔

3۔ **نوٹس کا آئٹم نمبر 6-متعلقہ فریق کے لین دین کی توثیق اور منظوری**

تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے جانے والے لین دین کو لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق 15 کے مطابق سہ ماہی بنیادوں پر آڈٹ کمیٹی کی طرف سے تجویز کردہ بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظوری دینی ہوگی۔تاہم، سال کے دوران اکثریت کے بعد کمپنی کے ڈائریکٹرز گروپ کمپنیوں میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے کچھ لین دین میں دلچسپی رکھتے تھے۔ان ٹرانزیکشنز کو سالانہ جنرل میٹنگ میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے لیے رکھا جا رہا ہے۔متعلقہ فریقوں کے ساتھ تمام لین دین کی توثیق کی جانی ہے نوٹ 35 میں 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشواروں میں ظاہر کیا گیا ہے۔ایسے متعلقہ فریق لین دین کی پارٹی وار تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

| متعلقہ فریق کا نام | لین دین کی نوعیت | روپے '000' |
|---|---|---|
| انٹرنیشنل برانڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کارپوریٹ سروس چارجز | 21,000 |
| | سامان کی خریداری | 471,330 |
| سرل کمپنی لمیٹڈ | اخراجات کی ادائیگی | 134,932 |
| | سروس چارجز کی ادائیگی | 142,067 |
| | یوٹیلٹیز | 3,253 |
| | کرائے کے اخراجات | 4,847 |
| | سامان کی فروخت | 194,235 |
| آئی بی ایل آپریشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | سامان کی فروخت | 1,479,898 |
| | مشترکہ اخراجات | 21,360 |
| | اخراجات کی ادائیگی | 281 |
| یونائیٹڈ برانڈز لمیٹڈ | سامان کی فروخت | 107,733 |
| سرل پاکستان لمیٹڈ | سامان کی خریداری | 22,640 |
| | خریدے ہوئے سامان کی واپسی | 12,544 |
| آئی بی ایل لاجسٹک (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کارٹیج اور فریٹ چارجز | 28,435 |
| یونائیٹڈ ریٹیل (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کرائے کی آمدنی | 2,582 |
| یونیورسل ریٹیلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | کرائے کی آمدنی | 2,594 |
| | مشترکہ خرچہ | 1,608 |
| راشد عبداللہ فاؤنڈیشن | عطیات | 500 |
| ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ | ادا کردہ شراکت | 10,952 |
| کلی مینجمنٹ پرسنیل | تنخواہیں اور دیگر مراعات | 68,607 |
| | ڈائریکٹرز کی فیس اور آمدورفت | 3,100 |
| | سامان کی فروخت | 60 |

کمپنی معمول کے کاروبار میں "متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین" کے حوالے سے منظور شدہ پالیسی کے مطابق بنیادی طور پر منصفانہ طریقہ سے اپنے متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کرتی ہے۔متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے تمام لین دین/ انتظامات کے لیے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی منظوری درکار ہوتی ہے، جس کی صدارت کمپنی کے ایک آزاد ڈائریکٹر کرتے ہیں۔بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، ایسے انتظامات/ لین دین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے منظوری کے لیے رکھے جاتے ہیں۔

متعلقہ فریقین کے ساتھ طے کردہ لین دین میں سامان کی فروخت، کرایہ کی آمدنی، مشترکہ لاگت، ادا کردہ منافع، (جہاں قابل اطلاق شیئر ہولڈرز اور بورڈ کی منظوری کے مطابق) اور کلیدی انتظامیہ اہلکار کو ادا کی جانے والی تنخواہیں اور دیگر فوائد شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔

ان متعلقہ فریقین کے ساتھ تعلقات کی نوعیت کی طرف 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے غیر متفقہ مالیاتی بیانات کے نوٹ 35 میں اشارہ کیا گیا ہے۔
ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اس طرح کے متعلقہ فریقین میں مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور شیئر ہولڈنگز کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں (قابل اطلاق حد تک)۔

**4 آئٹم نمبر 6-30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ فریق کے لین دین کو منظور کرنے کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اجازت**

کمپنی 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اپنی متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کرے گی۔ ڈائریکٹرز کی اکثریت ہولڈنگ/ وابستہ کمپنیوں میں مشترکہ ڈائریکٹر شپ کی وجہ سے ان لین دین میں دلچسپی رکھتی ہے۔ شفاف کاروباری طریقوں کو فروغ دینے کے لیے، شیئر ہولڈرز بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دینا چاہتے ہیں کہ وہ متعلقہ فریقین کے ساتھ وقتاً فوقتاً کیس ٹو کیس کی بنیاد پر اگلے AGM کے اختتام تک کی مدت کے لیے لین دین کی منظوری دیں اسے شیئر ہولڈرز کے ذریعہ منظور شدہ سمجھا جائے گا۔

اس طرح کے متعلقہ فریقین کی لین دین کی نوعیت اور دائرہ کار اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ان ٹرانزیکشنز کو اگلے AGM میں شیئر ہولڈرز کے سامنے ان کی باضابطہ منظوری/ توثیق کے لیے رکھا جائے گا۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اس طرح کے متعلقہ فریقین میں مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور شیئر ہولڈنگز کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں

# آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ

## پوسٹل بیلٹ پیپر

۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ کو دوپہر 2:30 بجے انڈس سویٹ، آواری ٹاورز، فاطمہ جناح روڈ، کراچی-75530 میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لیے پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے

UAN + 9221 3717 0200 ویب سائٹ: www.iblhc.com

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| موجوہ حصص کی تعداد | |
| کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کرنا ہے) | |
| اضافی معلومات اور ضمیہ جات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کا نمائندہ ہونے کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کرنا ہے) | |

**خصوصی امور**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 4**

کمپنی کے مجاز سرمایہ کو/- 1,050,000,000 روپے سے بڑھا کر/- 1,500,000,000 روپے، جو/- 10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 شیئرز میں منقسم ہوگا، کرنے پر غور کرنا؛ اور اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:"

**طے کیا گیا ہے کہ** کمپنی کا مجاز سرمایہ/- 1,050,000,000 روپے، /- 10 روپے فی شیئر کے 105,000,000 شیئرز، سے بڑھا کر/- 1,500,000,000 روپے، /- 10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 شیئرز میں کر دیا جائے، اس مقصد کے لیے 45,000,000 نئے اضافی شیئرز کمپنی کے موجودہ شیئرز کے ساتھ ہر لحاظ سے مساوی حیثیت (Pari Passu) میں رہیں گے۔

**مزید طے کیا گیا ہے کہ** کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں مناسب ترمیم کی جائے، تا کہ مجاز سرمایہ میں اضافے کے مطابق ان دفعات کو مندرجہ ذیل طریقہ سے پڑھا جائے:

- میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر V: "کمپنی کا مجاز سرمایہ/- 1,500,000,000 روپے، /- 10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 عام حصص پر مشتمل ہوگا
- آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر 4: "کمپنی کا مجاز سرمایہ/- 1,500,000,000 روپے، /- 10 روپے فی شیئر کے 150,000,000 عام حصص پر مشتمل ہوگا

**مزید طے کیا گیا ہے کہ** کمپنی سیکریٹری کو مکمل اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس قرارداد کے نفاذ کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، تمام قانونی تقاضے پورے کریں، اور تمام متعلقہ دستاویزات جمع کرائیں، جو اس قرارداد کے مؤثر نفاذ کے لیے ضروری یا معاون ہوں۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر ۵**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق، ہر 100 شیئرز کے لیے 15 شیئرز یعنی 15% کے تناسب سے بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری دینا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر بطور عام قرارداد منظور کرنا۔

**طے یہ کیا گیا ہے کہ** کمپنی کے غیر مختص شدہ منافع میں سے/128,512,147 - روپے کو سرمایے میں شامل کرتے ہوئے 12,851,214 عام شیئرز، ان تمام ممبران کو، جو 8 اکتوبر 2025 کے کاروبار کے اختتام پر کمپنی کی کتابوں میں بطور ممبر رجسٹرڈ ہوں، -/ 10 روپے فی شیئر کے حساب سے مکمل اداشدہ بونس شیئرز کی صورت میں جاری اور الاٹ کیے جائیں گے۔ نئے شیئرز موجودہ عام شیئرز کے ساتھ مساوی حیثیت (Pari- Passu) میں شمار ہوں گے۔"

"**مزید یہ طے کیا گیا کہ** اگر کسی ممبر کو حصص کا کوئی جزوی حصہ کا حقدار بنے تو ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام جزوی حصص کو یکجا کر کے اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کریں، اور فروخت سے حاصل شدہ رقم کسی مستند فلاحی ادارے کو ادا کریں جس کا انتخاب کمپنی کے ڈائریکٹرز کریں گے۔"

"**مزید یہ طے کیا گیا کہ** کمپنی سیکریٹری کو بونس حصص کی الاٹمنٹ اور تقسیم کے لیے کمپنی کی جانب سے تمام ضروری اقدامات کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر ٦**

30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری کے لیے، مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو کسی ترمیم یا بغیر کے منظور کرنا:

"**یہ طے کیا گیا کہ** 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالیاتی گوشوارے کے نوٹ نمبر 35 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کے بیان میں ظاہر کیے گئے متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے گئے تمام لین دین کی توثیق، منظوری اور تصدیق کرنا۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر ۷**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ دوران مالی سال 30 جون 2026 میں متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو کسی ترمیم یا بغیر کے منظور کرنا:

**یہ طے کیا گیا ہے کہ** بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ سالانہ اجلاس عام کے انعقاد تک، متعلقہ فریقین کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی کیس ٹو کیس بنیاد پر، منظوری دے سکیں۔

"**مزید طے کیا گیا ہے کہ** بورڈ کی طرف سے ان ٹرانزیکشنز کو شیئر ہولڈرز کے ذریعہ منظور شدہ سمجھا جائے گا اور ان کی باضابطہ توثیق/منظوری کے لیے اگلے سالانہ عام اجلاس میں شیئر ہولڈرز کے سامنے رکھا جائے گا۔"

## رائے شماری کے لیے ہدایات

۱۔ براہ کرم متعلقہ باکس پرنشان لگا کر( ✔ )اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

۲۔ اس صورت میں، اگر دونوں خانوں کو( ✔ ) کے بطور نشان زد کیا گیا ہے، تو آپ کے پول کو "مسترد" سمجھا جائے گا۔

میں/ہم مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک( ✔ ) کا نشان لگا کر قرارداد پر اپنی/اپنی رضامندی یا اختلاف رائے سے آگاہ کرتا ہوں/ کرتے ہیں:

| قرارداد | میں/ہم قرارداد کی منظوری دیتا ہوں/ دیتے ہیں | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتا ہوں/ کرتے ہیں |
|---|---|---|
| ایجنڈا آئٹم نمبر ۴ کی قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر ۵ کی قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر ٦ کی قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر ۷ کی قرارداد | | |

۱۔ پر کئے ہوئے بیلٹ پیپر چیئر مین – آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کو دوسری منزل ون IBL سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8، D.M.C.H.S، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی پر بھیجے جائیں یا hussain.murtaza@iblhc.com پر ای میل کریں۔

۲۔ پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی ایک کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) منسلک ہونی چاہیے۔

۳۔ بیلٹ پیپر سالانہ اجلاس عام سے ایک دن پہلے ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات میں چیئر مین تک پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے نہیں سمجھا جائے گا۔

۴۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

۵۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا، مسخ شدہ، یا زیادہ لکھا ہوا پول پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

٦۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن، یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کیمیں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن (ز) ۱۳۸ یا ۱۳۹ کے مطابق جیسا کہ قابل اطلاق ہے بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز شخص کے قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ مجاز لیٹر کی تصدیق شدہ کاپی ہونی چاہیے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کے معاملے میں، تمام دستاویزات کو کونسل جنرل آف پاکستان جس کا دائرہ اختیار جو ممبر پر ہو سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے۔

۷۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.iblhc.com پر بھی رکھا گیا ہے: ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل/فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

تاریخ:____________

____________________

**شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر/ مجاز دستخط کنندہ**

**(باڈی کارپوریٹ ونے کی صورت میں کمپنی کی مہر لگائیں)**

پانچ روپے کا ریونیو سٹیمپ
چسپاں کریں۔

# نمائندگی کا فارم

## آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ

میں/ہم کراچی کے ____________ ،آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناطے،فولیو نمبر/ CDC پارٹیسپنٹ ID اور اکاؤنٹ نمبر کے مطابق ____________ عام حصص رکھنے والے ہیں اور اس طرح کراچی کے کمپنی کے ایک اور ممبر ____________ کو یا ان کی عدم حاضری کی صورت میں ____________ کو اپنا نمائندہ مقرر کرتا ہوں/کرتی ہوں/کرتے ہیں کہ وہ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۵ کو دوپہر 2:30 بجے انڈس سوئیٹ ،آواری ٹاور، فاطمہ جناح روڈ، کراچی میں منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں اور اس کے کسی بھی التوا پر میرے/ میری/ ہمارے پراکسی کے طور پر شرکت کریں اور ووٹ دیں۔

بطور گواہ میرے/ ہمارے ہاتھ/اس پر ________ کے دن ____________ 2025
کی موجودگی میں دستخط کیئے

| | |
|---|---|
| ____________ | ____________ |
| (دستخط گواہ ۱) | (دستخط گواہ ۲) |
| گواہ کا نام | گواہ کا نام |
| شناختی کارڈ نمبر: | شناختی کارڈ نمبر: |
| [ ][ ][ ][ ][ ] - [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ] - [ ] | [ ][ ][ ][ ][ ] - [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ] - [ ] |
| پتہ: ____________ | پتہ: ____________ |

شیئر ہولڈر کے دستخط

(نام جلی حروف میں)

فولیو نمبر: ____________

گذارشات:

۱۔ ممبر سے گذارش ہے:

(الف) اوپر بتائی گئی جگہ پر 5 روپے کا ریونیو سٹیمپ چسپاں کرے۔

(ب) کمپنی کے پاس موجود دستخط کے نمونے کے مطابق دستخط کرے۔

(ج) اپنا فولیو نمبر لکھے۔

۲۔ پراکسیز ،مؤثر ہونے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس آئی بی ایل ہیلتھ کیئر لمیٹڈ کو دوسری منزل ون IBL سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8، D.M.C.H.S، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی میں میٹنگ کے لیے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونے چاہئیں۔

۳۔ پراکسی فارم میں کی جانے والی کوئی بھی تبدیلی اس شخص کے ذریعہ شروع کی جانی چاہئے جو اس پر دستخط کرتا ہے۔

۴۔ جوائنٹ ہولڈرز کے معاملے میں، سینئر کا ووٹ جو ووٹ دیتا ہے چاہے وہ ذاتی طور پر ہو یا پراکسی کے ذریعے، دوسرے جوائنٹ ہولڈرز کے ووٹوں کو خارج کرنے کے لیے قبول کیا جائے گا، اور اس مقصد کے لیے سینیارٹی کا تعین آرڈر کے ذریعے کیا جائے گا۔ جس میں نام ممبران کے رجسٹر میں موجود ہیں۔

۵۔ کوئی بھی شخص پراکسی کے طور پر کام نہیں کرے گا جب تک کہ وہ خود کمپنی کا ممبر نہ ہو، سوائے اس کے کہ کارپوریشن کسی ایسے شخص کو مقرر کر سکتی ہے جو ممبر نہیں ہے

**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز/ کارپوریٹ اداروں کے لیے**

مندرجہ بالا کے علاوہ، مندرجہ ذیل ضروریات کو پورا کرنا ہوگا:

(i) پراکسی فارم پر دو افراد کا گواہ ہونا ضروری ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

(ii) پراکسی پراکسی فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں یا اصل مالکان کے پاسپورٹ کے تصدیق شدہ کاپیاں فراہم کرے گا۔

(iii) پراکسی میٹنگ کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

(iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نمونہ کے دستخط کے ساتھ جمع کرائی جائے گی (جب تک کہ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔